وہ اصلاحات جو آپ اس دستی اشتہار میں ملاحظہ فرمائیں گے:

<u>پیوندکاری کا طلبگار یا امیدوار</u> وہ شخص ہے جس کو گردے کی پیوندکاری کی ضرورت ہو۔
<u>متوقع عطیہ کندہ یا عطیہ کندہ</u> وہ شخص ہے جو گردہ عطیہ کرنے پر رضامند ہے۔
پیوندکاری کا طلبگار اور متوقع عطیہ کندہ (کوئی دوست یا فیملی ممبر) جس کو وہ جانتےہوں ایک <u>مماثلت</u> تشکیل دیتے ہیں۔
<u>ایک نا معلوم بلا ہدف عطیہ کندہ یا این ڈی اے ڈی (NDAD)</u> اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی بھی ضرورتمند کو گردہ عطیہ کرنے پر رضامند ہوتا ہے۔

***تصور میں لائیں:** آپ اپنے کسی ایسے فیملی ممبر یا دوست کو اپنا گردہ عطیہ کرنا چاہتے ہیں جس کو پیوندکاری کی ضرورت ہے۔ تاہم طبی نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ آپ ان کے لیے ایک اچھا مترادف نہیں ہیں۔ایک متوقع عطیہ کندہ اور پیوندکاری کا ایک دیگر طلبگار ایسی ہی صورتحال سے دوچارہیں۔ یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس دوسرے جوڑے میں موجود آپ پیوندکاری کے طلبگارکے مترادف ہیں اور اس جوڑے میں موجود متوقع عطیہ کندہ آپ کے دوست یا فیملی ممبر کے لیے جوڑابنتا ہے۔ ان دو جوڑوں کے اندر عطیہ کندگان کا ادل بدل کرنے سے دو پیوندکاریاں ممکن ہو جاتی ہیں۔*

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن کیا ہے؟

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن ایک پروگرام ہے جو کہ پیوندکاری کے طلبگار افراد کو عطیہ کرنے والے موزوں افراد کے ساتھ ملاتا ہے۔ یہ پروگرام لوگوں کو موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں ہی گردے کے ڈونر بن جائیں اوراس بات کو یقینی بنائیں کہ جس شخص کے لیے وہ گردہ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کو گردہ مل جائے خواہ وہ براہ راست جوڑا نہ بھی ہوں۔ کنیڈا کے کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام (Canada’s Kidney Paired Donation Program) کو کنیڈیئن بلڈ سروسز چلاتی ہے جو کہ پورے ملک کے اند لیونگ کڈنی ڈونیشن (Living Kidney Donation) اور کڈنی ٹرانسپلانٹ پروگراموں کے ساتھ کام کرتی ہے۔

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن میں کون شمولیت اختیار کر سکتا ہے؟

سب سے پہلےپیوندکاری کے طلبگار شخص کو اس کا ڈاکٹر لازمی طور پر گردے کی پیوندکاری کے جائزے کے لیے ریفر کرے۔ اس کے بعد متوقع عطیہ کندہ اپنی رہائش کے قریب ترین لیونگ ڈونیشن پرگرام کے ساتھ رابطہ کرکے انہیں بتائے کہ وہ اس شخص کو گردہ عطیہ کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ متوقع عطیہ کندہ اور پیوندکاری کے طلبگار شخص کو لازمی طور پر میڈیکل ٹیسٹ اور جائزے مکمل کرنے ہوں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ اپنی سرجری کروانے کے لیے صحت کے لحاظ سے موزوں ہیں۔

بعض اوقات متوقع عطیہ کندہ کا خون اور/یا ٹشو کی قسم پیوندکاری کے طلبگار شخص سے میچ نہیں کرتی ۔ ایسی صورت میں عطیے اور پیوندکاری کا کام انجام نہیں دیا جا سکتا کیونکہ پیوندکاری کے طلبگار شخص کا جسم گردے کو قبول نہیں کرتا۔

ایسی صورتحال میں متوقع عطیہ کندہ اور پیوند کاری کے طلب گار شخص کو "غیر مماثل جوڑا" کہا جاتا ہے۔ اگرچہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ نہیں ملتے لیکن ناموافق جوڑے کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام کے ساتھ اندارج کے ذریعے عطیے کے اد بدل میں حصہ لے سکتے ہیں ۔ عطیہ کندہ کے اد بدل میں دو یا زیادہ جوڑے شامل ہو سکتے ہیں۔ عطیہ کرنے والا ہر عطیہ کندہ گردے کا عطیہ کرتا ہے اور پیوندکاری کے طلبگار ہر شخص کو ایک گردہ ملتا ہے۔



کیا آپ کو کڈنی پیئرڈ ڈونیشن میں عطیہ کرنے کے لیے لازمی طور پر جوڑے کا حصہ ہونا چاہیے۔

جی نہیں۔ وہ لوگ جو اپنے ذہن میں بغیر کوئی مخصوص امیدوار رکھے بغیر گردہ عطیہ کرنے کے خواہشمند ہوں کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام میں اندراج کروا سکتے ہیں۔ ان عطیہ کندگان کو مختصر طور پر "نا معلوم بلا ہدف عطیہ کندگان" یا این ڈی اے ڈی (NDAD) کہتے ہیں۔ اس سے ان کے ایک عطیہ دینےسے خود بخود لا تعداد عطیات کا ایک سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ سلسلہ ایک متوفی شخص سے گردے کا عطیہ حاصل کرنے والوں کی فہرست پر موجود اس آخری منتظر شخص پر جاکر رکتا ہے جو کہ رجسٹری میں درج کردہ کسی بھی شخص کے ساتھ میچ نہیں رکھتا۔

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن کے عمل کے دوران کیا ہوتا ہے؟

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام میں اندارج حاصل کرنے کے لیے ہر عطیہ کندہ اور پیوندکاری کے طلبگار کو رضامندی کے ایک فارم پر دستخط کرنے پڑیں گے جس کے اندر وہ کنیڈین ٹرانسپلانٹ رجسٹری میں اپنی میڈیکل معلومات کے اندراج کی اجازت فراہم کریں گے۔ یہ رجسٹری کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام کا ایک محفوظ کمپیوٹر ڈیٹا بیس ہے۔ کنیڈین بلڈ سروسز رجسٹری اور بذریعہ کمپیوٹر جوڑا بندی کا انتظام و انصرام کرتی ہے۔

اندارج کردہ تمام عطیہ کندگان اور پیوندکاری کے طلبگاروں کے بارے میں خصوصی نوعیت کی نجی اور طبی معلومات کو رجسٹری کے اندر درج کیا جاتا ہے تاکہ کہ جوڑے بندی کا عمل انجام دیا جا سکے۔ یہ رجسٹری ان متوقع عطیہ کندگان کو تلاش کرکے ملک کے اندر کسی بھی جگہ پر موجود پیوندکاری کے طلبگاروں کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کرتی ہے۔ جب یہ جوڑا بندی مکمل ہو جاتی ہے تو عطیہ کندہ کو چند ایک طبی یا دیگر ٹیسٹ مکمل کرنے ہوتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ان کی کڈنی ملائے جانے والے پیوندکاری کے طلبگار کے لیے موزوں ہے۔

جب سلسلے کے اندر موجود تمام ملاپوں کو قبول کر لیا جاتا ہے تو موافق جوڑے تشکیل دینے کی غرض سے نام موافق جوڑوں سے تعلق رکھنے والے عطیہ کندگان کا ادل بدل کر دیا جاتا ہے۔ عطیے کے بندوبست اور پیوندکاری کی جراحت انجام دینے کے لیے پورے ملک کے اندر موجود پیوندکاری کی ٹیمیں ملکر کام کرتی ہیں۔ اس کا ہدف پیوندکاری کے طلبگار افراد کے لیے بہتر ملاپ والے عطیہ کندگان تلاش کرنا ہوتا ہے۔



کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام میں حصہ لینے کے فوائد کیا ہیں؟

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام ناموافق عطیہ کندگان کو ایک متبادل راستہ فراہم کرتے ہیں جس کے ذریعے وہ اپنے واقف کار کو کڈنی کے حصول میں مدد دیتے ہیں۔ یہ کڈنی کے کسی بھی طلبگار شخص کو ایک این ڈی اے ڈی فراہم کرتا ہے جس سے پیوندکاری کےایک سے زیادہ طلبگاروں کے لیے مدد کا امکان پیدا ہوتا ہے۔ اس قومی پروگرام کا فائدہ یہ ہے کہ اس میں محض پیوندکاری کےایک ہی پروگرام یا ایک صوبے کے بجائے پورے کنیڈا سے جوڑے شامل ہوتے ہیں۔ یہ چیز پیوندکاری کے طلبگار افراد کے لیے جوڑا تلاش کرنے کے امکان میں اضافہ کرتی ہے۔

پیوندکاری کے طلبگار افراد کے لیے:

- پیوندکاری کے لیے آپ کے انتظار کی مدت مختصر ہو سکتی ہے۔
- پیوندکاری آپ کی ڈایا لائسز کی مدت کو کم کر سکتی ہے۔
- یہاں تک کہ پیوندکاری آپ کو ڈایا لائسز کی ضرورت سے روک بھی سکتی ہے۔
- کسی زندہ شخص کا گردہ عام طور پر حال ہی میں فوت ہو جانے والے شخص کے گردے سے زیادہ دیر تک کام کرتا ہے۔

متوقع عطیہ کندگان کے لیے:

- آپ اپنے کسی واقف کار شخص کو جسے گردے کی پیوندکاری کی ضرورت ہو اس کا جوڑ نہ ہونے کے باوجود بھی اس کی مدد کر سکتے ہیں۔
- آپ دوسروں کو گردے کی پیوندکاری کے سلسلہ میں گمنام طریقے سے مدد دے سکتے ہیں۔
- جو مریض آپ کا گردہ وصول کرتا ہے آپ اس کی زندگی اور صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔
- آپ مریض کے گھرانے کی افراد کی زندگیوں کو بھی بہتر بنا سکتے ہیں۔

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام میں کون شمولیت اختیار کر سکتا ہے پروگرامز؟

اگر آپ مندرجہ ذیل معیارات پر پورا اترتے ہوں تو پیوندکاری کے طلبگار کے طور پر کنیڈین کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام میں رجسٹرڈ کیے جا سکتے ہیں۔

- آپ کنیڈا میں گردے کی پیوندکاری کے لیے اہلیت رکھتے ہیں۔
- آپ کے پاس ایک زندہ عطیہ کندہ موجود ہے جو کہ عطیہ دینے لیے رضامند ہے اور وہ طبی طور پر گردہ عطیہ کر سکتا ہے۔
- آپ کنیڈا میں رہائش کے دوران ایک کنیڈین شہری، ایک مستقل رہائشی باشندے ہیں یا آپ کوصوبائی، علاقائی یا صحت کی وفاقی انشورنس کا تحفظ حاصل ہے۔
- رجسٹرڈ ہونے کے لیے ضروری نہیں کہ آپ ڈایا لائسز پر ہوں۔

اگر آپ مندرجہ ذیل معیارات پر پورا اترتے ہوں تو ***متوقع عطیہ کندہ*** کے طور پر کنیڈین کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام میں رجسٹرڈ کیے جا سکتے ہیں۔

- آپ عمومی طور پر ایک اچھی صحت کے مالک بالغ شخص ہیں۔
- آپ ادل بدل میں حصہ لینے یا نا معلوم بلاہدف عطیہ کندہ کے طور پر رجسٹرڈ ہونے پر رضامند ہیں۔
- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کے لیے عطیہ دینا ایک محفوظ عمل ہے آپ نے لیونگ کڈنی ڈورنر پروگرام کے ذریعے مطلوبہ طبی اور نفسیاتی ٹیسٹ پاس کر لیے ہیں۔

مجھے کڈنی پیئرڈ ڈونیشن کے بارے میں مزید کیا کچھ جاننے کی ضرورت ہے؟

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن دنیا بھر میں گردوں کی پیوندکاری کرنے کے لیے ایک طے شدہ معیار ہے۔ کنیڈا میں سال 2009 سے رجسٹرڈ شدہ جوڑوں اور نامعلوم خود مختارعطیہ کندگان کو کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام کے ذریعے ملایا جاتا رہا ہے۔

گردہ عطیہ کرنے اور گردہ وصول کرنے کے لیے جراحت کی ضرورت پیش آتی ہے جبکہ کسی بھی قسم کی جراحت میں خطرات موجود ہوتے ہیں۔ آپ کے لیونگ ڈونیشن پروگرام کے اندر موجود عملہ کے اراکین متوقع عطیہ کندہ کے ساتھ ان خطرات پر بات چیت کریں گے۔ مزید معلومات آن لائن یہاں پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں **blood.ca/organs-tissues.**

کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام کے عطیہ جات کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عطیہ کندگان کو یہ معلومات نہیں دی جائیں گی کہ ان کا گردہ کس شخص نے وصول کیا ہے۔ عطیہ کندہ کی رضامندی کے ساتھ پیوندکاری کے طلبگار شخص کو چند ایک طبی معلومات فراہم کی جائیں گی۔ تاہم اس میں صرف پیوند کاری کے طلبگار شخص کو مطلوب معلومات ہی شامل کی جائیں گی تاکہ وہ سمجھ کر فیصلہ کرسکے کہ آیا جوڑا بند گردے کو قبول کرنا ہے یا نہیں۔